# کنٹونمنٹ بورڈ ملتان چھاؤنی

## نیلامی برائے ٹھیکہ جات

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ ملتان، مندرجہ ذیل ٹھیکہ جات برائے عرصہ 3 سال (جو مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بعد سے شروع ہو گا) کا نیلام عام مورخہ 31 مارچ 2026 بروز منگل بوقت 11:00 بجے دن بمقام دفتر کنٹونمنٹ بورڈ، 71 شیر شاہ روڈ ملتان چھاؤنی میں منعقد کر رہا ہے۔ مذکورہ تاریخ کو اگر ناگزیر وجوہات کی بناء پر نیلام عام نہ ہو سکا تو دوبارہ نیلام عام مورخہ 01 اپریل 2026 بروز بدھ بوقت 11:00 بجے دن اور سہ بارہ نیلام عام مورخہ 02 اپریل 2026 بوقت 11:00 بجے دن منعقد ہو گا۔ خواہشمند حضرات مندرجہ ذیل نیلام عام میں شرکت فرما کر موقع سے فائدہ اٹھائیں۔ کنٹین کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:-

| نمبر شمار | ٹھیکہ کا نام | زرضمانت رقم | ٹھیکہ جات کی مدت |
|---|---|---|---|
| 1 | کنٹین کینٹ گارڈن | مبلغ-/300,000 روپے | جو مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بعد سے شروع ہو گا |
| 2 | کون آئسکریم اینڈ کافی شاپ کینٹ گارڈن | مبلغ-/200,000 روپے | جو مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بعد سے شروع ہو گا |
| 3 | انٹری ٹکٹ کینٹ گارڈن (مبلغ-/30 فی فرد) | مبلغ-/300,000 روپے | جو مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بعد سے شروع ہو گا |
| 4 | پبلک لیٹرین مال پلازہ (مبلغ-/10 فی فرد) | مبلغ-/100,000 روپے | جو مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بعد سے شروع ہو گا |

### نیلامی کی شرائط وضوابط

1۔ تمام خواہشمند بولی میں حصہ لینے کیلئے مندرجہ بالا الگ الگ زرضمانت بصورت بنک کال ڈپازٹ بنام کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر ملتان چھاؤنی بمعہ اپنے قومی شناختی کارڈ کی کاپی اورانکم ٹیکس سرٹیفکیٹ جمع کروا کر بولی میں حصہ لینے کے اہل ہونگے جو کہ ماسوائے کامیاب بولی دہندہ اور دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کے علاوہ باقی تمام بولی دہندگان کو بولی کے اختتام پر واپس کر دیا جائے گا۔

2۔ بولی دہندہ بذات خود یا اپنے قانونی مختار کی وساطت سے بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

3۔ بولی ماہانہ کرایہ کی بنیاد پر ہوگی اور ایک سال کے بعد ہر سال 10% ماہانہ کرایہ میں اضافہ کیا جائے گا۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ کو کل بولی کا 1/4 بطور سیکورٹی موقع پر جمع کروانا ہوگا جو ٹھیکہ کی مدت ختم ہونے کے بعد ایڈجسٹ/واپس کر دیئے جائیں گے بصورت دیگر جمع شدہ زرضمانت رقم بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لی جائے گی۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ سیکورٹی کی رقم مقررہ وقت میں جمع کروانے میں ناکام ہوتا ہے تو اسکی زرضمانت/کال ڈیپازٹ بحق کنٹونمنٹ بورڈ ملتان ضبط کر لی جائے گی اور دوسرے نمبر پر سب سے زیادہ بولی دینے والا بولی دہندہ مذکورہ واجبات جمع کروانے کا پابند ہوگا بشرطیکہ دوسرے نمبر پر لگائی گئی آفر کو زیر دستخطی مناسب تصور کرے۔

6۔ معذور/خصوصی افراد، 8 سال سے کم عمر بچے اور 60 سال سے زائد عمر کے افراد کینٹ گارڈن میں انٹری ٹکٹ سے مستثنیٰ ہونگے۔

7۔ کنٹونمنٹ بورڈ اسٹیشن ہیڈ کوارٹرز کی تحریری اجازت سے سکول/کالج کے تعلیمی وزٹ کے لئے آنے والے طلبہ/طالبات کی کینٹ گارڈن میں انٹری فری ہوگی۔

8۔ کینٹ گارڈن کو سیکورٹی کے پیش نظر کسی بھی وقت بند کروایا جاسکتا ہے اور بند کئے گئے دنوں کی رعائیت بورڈ کی قرارداد نمبر 11 مورخہ 15/03/2018 میں طے کردہ فارمولا کے مطابق انٹری ٹکٹ کے ٹھیکیدار کو دی جائے گی۔

9۔ کامیاب بولی دہندہ دفتر کی طرف سے جاری شدہ تحریری طور پر کنٹین چلانے کا معیاری طریقہ کار/قواعد وضوابط (SOPs) کا پابند رہے گا۔

10۔ ایسے افراد جن کے ذمہ کنٹونمنٹ بورڈ کے واجبات ہوں یا دفتر ہذا سے مقدمہ بازی میں ملوث رہے ہوں یا کسی بھی سرکاری ادارے سے بلیک لسٹڈ افراد اور جنہوں نے پہلے کسی بولی میں اپنی کال ڈپازٹ منجمد کروائی ہو، نیلامی میں حصہ لینے کے اہل نہ ہونگے۔

11۔ کامیاب بولی دہندہ کو نیلامی کی منظوری کے 7 یوم کے اندر اندر نان جوڈیشل اسٹامپ پیپر پر تحریری معاہدہ کرنا ہوگا۔

12۔ کامیاب بولی دہندہ کو ٹھیکہ کی رقم مساوی اقساط میں ہر ماہ کی پانچ تاریخ سے پہلے پہلے ایڈوانس جمع کرانا ہوگی۔ بروقت قسط جمع نہ کرانے کی صورت میں یومیہ جرمانہ مبلغ-/1000 روپے ہوگا۔

13۔ شرائط نیلامی کی خلاف ورزی، اوور چارجنگ یا ماہانہ اوقساط کی ادائیگی میں 7 یوم سے زیادہ تاخیر کی صورت میں مجاز اتھارٹی کو ٹھیکہ منسوخ کرنے کا اختیار حاصل ہوگا اور سیکورٹی کی رقم بحق سرکار/کنٹونمنٹ بورڈ ملتان ضبط کر لی جائے گی۔ ٹھیکہ کی مدت پوری ہونے سے پہلے ٹھیکہ چھوڑنے والے ٹھیکیدار کی سیکیورٹی کی رقم بھی بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی۔

14۔ کامیاب بولی دہندہ پانی بجلی، گیس اور لیٹرین کی صفائی وغیرہ کا خرچہ خود برداشت کرے گا۔

15۔ کامیاب بولی دہندہ کو گورنمنٹ کے مروجہ قوانین کے مطابق انکم ٹیکس بولی کی مجاز اتھارٹی سے منظوری کے بعد دفتر کنٹونمنٹ بورڈ میں جمع کروانا ہوگا۔

16۔ کامیاب بولی دہندہ کو کنٹین کی صفائی اور کینٹ فوڈ لاز کے مطابق معیاری اشیاء کی دستیابی کے ساتھ ساتھ رائج الوقت ریٹ لسٹ کی پابندی کرنا لازم ہوگا ورنہ دوران ٹھیکہ تمام جمع شدہ سیکیورٹی و کرایہ ضبط کر کے ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا اور دفتر دوبارہ ٹھیکہ دینے کا مجاز ہوگا۔

CamScanner

17۔ محکمہ کے ساتھ کسی قسم کے تنازعے کی صورت میں دونوں فریقین ریاست پاکستان کی کسی عدالت میں جانے کے مجاز نہ ہونگے بلکہ معاملہ ڈائریکٹر ملٹری لینڈ اینڈ کنٹونمنٹس ملتان ریجن ملتان کے روبرو پیش ہوگا جس کا فیصلہ دونوں فریقین کو قبول کرنا ہوگا۔

18۔ زیر دستخطی کو اختیار حاصل ہوگا کے بغیر وجہ بتائے بولی کو منظور یا مسترد کردے۔

19۔ دیگر شرائط دفتری اوقات کار میں دفتر ہذا سے معلوم کی جا سکتی ہیں۔

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر، ملتان چھاؤنی

Account Payee Only

**NBP**
**National Bank of Pakistan**

QASIM ROAD BRANCH MULTAN CANTT. (0437)

B.C. No 04370000001029

Stationary No: 80365433

0 9 0 3 2 6

Pay to PUBLIC PROCUREMENT REGULATORY AUTHORITY or Order

FIFTEEN THOUSAND

15,000.00

Payable at any Conventional Banking Branch

Muhammad Jahanzaib
OG-II
National Bank of Pakistan
Cantt. Br. Multan (0437)

Authorized Signatory
Signature. No.

Authorized Signatory
Signature. No.

Please do not write below this line.

⑈80365433⑈0700437⑆000000000000000000⑈010⑈